**نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب**

**21- ڈیوس روڈ لاہور**

**Ph.042-99200731,**
**99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**

## پریس ریلیز

## وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی اورسیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا راولپنڈی کا خصوصی دورہ

**لاہور:21جولائی2026:** وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے راولپنڈی کا خصوصی دورہ کیا۔ اپنے دورہ کے دوران وزیر زراعت پنجاب و سیکرٹری زراعت پنجاب نے سونا ٹاور راولپنڈی میں مینیجنگ ڈائریکٹرایف ایف سی(FFC) جہانگیر پراچہ سے ملاقات کی۔

اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کومینیجنگ ڈائریکٹرایف ایف سی (FFC) نے ڈی اے پی کی لوکل منیوفیکچرنگ اور امپورٹ کی صورتحال بارے آگاہ کیا۔ ملاقات کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ ڈی اے پی کی ربیع سیزن کے لیے دستیابی بارے وفاق حکومت سے رجوع کیا جائے گا۔ اس موقع پر گرین پاکستان انشیٹیو کے حکام کے ساتھ ملاقات نتیجہ خیز رہی۔ ماڈل ایگری مالز کی آپریشنل سرگرمیوں میں مزید جدت اور بہتری لانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ ماڈل ایگری مالز پر کاشتکاروں کو کھادوں اور دیگر سہولیات میں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ ماڈل ایگری مالز سے خریداری پر خصوصی پیکج متعارف کرائے جائیں۔

ملاقات کے دوران ڈائریکٹر جنرل سٹریٹیجک پروجیکٹ میجر جنرل ریٹائرڈ شاہد نذیر نے وزیراعلیٰ پنجاب کے زرعی ترقی کے لیے متعارف کرائے گئے اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کی خوشحالی کے لیے وزیر زراعت اور سیکرٹری زراعت پنجاب کی کوششیں قابلِ ستائش ہیں۔اس موقع پرلینڈ انفارمیشن اینڈ مینجمنٹ سسٹم(LIMS) کے حکام نے زرعی شعبہ کی ڈیجیٹلائزیشن کے لیے تجویز کردہ ایپ بارے بریفنگ دی۔

****